www.urdunovelbank.com

(الھمنا وفقنا ارزقنا اور اعطنا)

یعنی ہمیں عطا فرمائے ہوں گے اور جگہ ہے آیت

(وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ)

۔ البلد :10 90

یعنی ہم نے اسے دونوں راستے دکھا دیئے بھلائی اور برائی دونوں کے۔ اور کبھی

ہدایت "الی "کے ساتھ متعدی ہوتی ہے جیسے فرمایا آیت

(اِجْتَبٰهُ وَهَدٰىهُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ)

(۔ النحل :121 16

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

اور فرمایا آیت

(فَاهْدُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ)

۔ الصافات :23 37

یہاں "ہدایت "ارشاد اور دلالت کے معنی میں ہے۔ اسی طرح فرمان ہے آیت وانک لتھدی)الخ یعنی تو البتہ سیدھی راہ دکھاتا ہے اور کبھی ہدایت لام کے ساتھ(متعدی ہوتی ہے جیسے جنتیوں کا قول قرآن کریم میں ہے آیت

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِيْ ہَدٰىنَا لِھٰذَا ۣ وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ اَنْ ہَدٰىنَا اللّٰہُ

(۔ الاعراف :43 7

یعنی اللہ کا شکر ہے کہ اس نے ہمیں اس کی راہ دکھائی یعنی توفیق دی اور ہدایت والا بنایا۔ صراط مستقیم کے معنی سنئے۔ امام ابو جعفر ابن جریر فرماتے ہیں مراد اس سے واضح اور صاف راستہ ہے جو کہیں سے ٹیڑھا نہ ہو۔ عرب کی لغت میں اور شاعروں کے شعر میں یہ معنی صاف طور پر پائے جاتے ہیں اور اس پر بیشمار شواہد موجود ہیں۔ صراط کا استعمال بطور استعارہ کے قول اور فعل پر بھی آتا ہے اور پھر اس کا وصف استقامت اور ٹیڑھا پن کے ساتھ بھی آتا ہے۔ سلف اور متاخرین مفسرین سے اس کی بہت سی تفسیریں منقول ہیں اور ان سب کا خلاصہ

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

ایک ہی ہے اور وہ اللہ اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)کی اتباع اور تابعداری ہے۔

صراط مستقیم کیا ہے ؟

ایک مرفوع حدیث میں ہے کہ صراط مستقیم کتاب اللہ ہے۔ ابن ابی حاتم اور ابن جریر نے بھی روایت کی ہے فضائل قرآن کے بارے میں پہلے حدیث گزر چکی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی مضبوط رسی، حکمتوں والا ذکر اور سیدھی راہ یعنی صراط مستقیم یہی اللہ کی کتاب قرآن کریم ہے۔ مسند احمد ترمذی حضرت علی کا قول بھی یہی ہے اور مرفوع حدیث کا بھی موقوف ہونا ہی زیادہ مشابہ ہے واللہ اعلم۔ حضرت عبداللہ سے بھی یہی روایت ہے ابن عباس کا قول ہے کہ جبرائیل (علیہ السلام) نے کہا کہ اے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)آیت (اھدنا الصراط مستقیم)کہئے یعنی ہمیں ہدایت والے راستہ کا الہام کر اور اس دین قیم کی سمجھ دے جس میں کوئی کجی ،نہیں۔ آپ سے یہ قول بھی مروی ہے کہ اس سے مراد اسلام ہے۔ ابن عباس

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

ابن مسعود اور بہت سے صحابہ سے بھی یہی تفسیر منقول ہے۔ حضرت جابر رض)فرماتے ہیں صراط مستقیم سے مراد اسلام ہے جو ہر اس چیز سے جو آسمان (اور زمین کے درمیان ہے زیادہ وسعت والا ہے۔ ابن حنفیہ فرماتے ہیں اس سے مراد اللہ تعالیٰ کا وہ دین ہے جس کے سوا اور دین مقبول نہیں۔ عبدالرحمن بن زید بن اسلم کا قول ہے کہ صراط مستقیم اسلام ہے۔ مسند احمد کی ایک حدیث میں بھی مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ایک مثال بیان کی کہ صراط مستقیم کے دونوں طرف دو دیواریں ہیں، ان میں کئی ایک کھلے ہوئے دروازے اور دروازوں پر پردے لٹک رہے ہیں، صراط مستقیم کے دروازے پر ایک پکارنے والا مقرر ہے، جو کہتا ہے کہ اے لوگو ! تم سب کے سب اسی سیدھی راہ پر چلے جاؤ، ٹیڑھی ترچھی ادھر ادھر کی راہوں کو نہ دیکھو نہ ان پر جاؤ۔ اور اس راستے سے گزرنے والا کوئی شخص جب ان دروازوں میں سے کسی ایک کو کھولنا چاہتا ہے تو ایک پکارنے والا کہتا ہے خبردار اسے نہ کھولنا۔ اگر کھولا تو

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

اس راہ لگ جاؤ گے اور صراط مستقیم سے ہٹ جاؤ گے۔ پس صراط مستقیم تو اسلام ہے اور دیواریں اللہ کی حدیں ہیں اور کھلے ہوئے دروازے اللہ تعالیٰ کی حرام کردہ چیزیں ہیں اور دروازے پر پکارنے والا قرآن کریم ہے اور راستے کے اوپر سے پکارنے والا زندہ ضمیر ہے جو ہر ایماندار کے دل میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے بطور واعظ کے ہوتا ہے۔ یہ حدیث ابن ابی حاتم ابن جریر ترمذی اور نسائی میں بھی ہے اور اس کی اسناد حسن صحیح ہیں واللہ اعلم۔ مجاہد فرماتے ہیں اس سے مراد حق ہے۔ ان کا قول سب سے زیادہ مقبول ہے اور مذکورہ اقوال کا کوئی مخالف نہیں۔ ابو العالیہ فرماتے ہیں اس سے مراد نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کے بعد کے آپ کے دونوں خلیفہ ہیں۔ ابو العالیہ اس قول کی تصدیق اور تحسین کرتے ہیں دراصل یہ سب اقوال صحیح ہیں اور ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کے دونوں خلفاء صدیق و فاروق کا تابعدار حق کا تابع ہے اور حق کا تابع اسلام کا تابع ہے اور اسلام کا تابع قرآن کا مطیع ہے اور قرآن

اللہ کی کتاب اس کی طرف کی مضبوط رسی اور اس کی سیدھی راہ ہے۔ لہذا صراط مستقیم کی تفسیر میں یہ تمام اقوال صحیح ہیں اور ایک دوسرے کی تصدیق کرتے ہیں۔ فالحمد للہ۔ حضرت عبداللہ فرماتے ہیں۔ صراط مستقیم وہ ہے جس پر ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چھوڑا۔ امام ابو جعفر بن جریر (رح) کا فیصلہ ہے کہ میرے نزدیک اس آیت کی تفسیر میں سب سے اولیٰ یہ ہے کہ ہم کو توفیق دی جائے اس کی جو اللہ کی مرضی کی ہو اور جس پر چلنے کی وجہ سے اللہ اپنے بندوں سے راضی ہوا ہو اور ان پر انعام کیا ہو، صراط مستقیم یہی ہے۔ اس لئے کہ جس شخص کو اس کی توفیق مل جائے جس کی توفیق اللہ کے نیک بندوں کو تھی جن پر اللہ تعالیٰ کا انعام ہوا تھا جو نبی، صدیق، شہید اور صالح لوگ تھے انہوں نے اسلام کی اور رسولوں کی تصدیق کی، کتاب اللہ کو مضبوط تھام رکھا، اللہ تعالیٰ کے احکام کو بجا لائے۔ اس کے منع کئے ہوئے کاموں سے رک گئے اور نبی کریم (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)اور آپ کے چاروں خلیفوں اور تمام نیک بندوں کی راہ کی توفیق مل

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

جائے گی تو یہی صراط مستقیم ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ مومن کو تو اللہ کی طرف سے ہدایت حاصل ہوچکی ہے پھر نماز اور غیر نماز میں ہدایت مانگنے کی کیا ضرورت ہے ؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ مراد اس سے ہدایت پر ثابت قدمی اور رسوخ اور بینائی اور ہمیشہ کی طلب ہے اس لئے کہ بندہ ہر ساعت اور ہر حالت میں اللہ تبارک وتعالیٰ کا محتاج ہے وہ خود اپنی جان کے نفع نقصان کا مالک نہیں بلکہ دن رات اپنے اللہ کا محتاج ہے اسی لئے اسے سکھایا کہ ہر وقت وہ اللہ تعالیٰ سے ہدایت طلب کرتا رہے اور ثابت قدمی اور توفیق چاہتا رہے۔ بھلا اور نیک بخت انسان وہ ہے جسے اللہ تعالیٰ اپنے در کا بھکاری بنا لے وہ اللہ ہر پکارنے والے کی پکار کے قبول کرنے کا کفیل ہے۔ بالخصوص بے قرار محتاج اور اس کے سامنے اپنی حاجت دن رات پیش کرنے والے کی ہر پکار کو قبول کرنے کا وہ ضامن ہے۔ اور جگہ قرآن کریم میں ہے۔ آیت

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰي رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْۤ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ

۔ النسآء :4136

اے ایمان والو اللہ پر، اس کے رسولوں پر اس کی اس کتاب پر، جو اس نے اپنے رسول کی طرف نازل فرمائی اور جو کتابیں اس سے پہلے نازل ہوئیں، سب پر ایمان لاؤ۔ اس آیت میں ایمان والوں کو ایمان لانے کا حکم دینا اور ہدایت والوں کو ایمان لانے کا حکم دینا ایسا ہی ہے جیسے یہاں ہدایت والوں کو ہدایت کی طلب کرنے کا حکم دینا۔ مراد دونوں جگہ ثابت قدمی اور اور استمرار ہے اور ایسے اعمال پر ہمیشگی کرنا جو اس مقصد کے حاصل کرنے میں مدد پہنچائیں۔ اس پر یہ اعتراض وارد ہو بھی نہیں سکتا کہ یہ حاصل شدہ چیز کا حاصل کرنا ہے۔ واللہ اعلم۔ اور دیکھئے اللہ رب العزت نے اپنے ایمان دار بندوں کو حکم دیا ہے کہ وہ کہیں آیت

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ

۔آل عمران :38

یعنی اے ہمارے رب ہمارے دلوں کو ہدایت کے بعد ٹیڑھا نہ کر اور ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا فرما تو بہت بڑا دینے والا اور عطا کرنے والا ہے۔ یہ بھی وارد ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق (رض) نماز مغرب کی تیسری رکعت سورۃ فاتحہ کے بعد اس آیت کو پوشیدگی سے پڑھا کرتے تھے پس آیت (اھدنا الصراط المستقیم) کے معنی یہ ہوئے کہ اللہ ہمیں صراط مستقیم پر ثابت قدم رکھ اور اس سے ہمیں نہ ہٹا۔

(تفسیر ابن کثیر)

Visit website For More Novels

پوری کلاس ہال میں بیٹھی الھدی فاؤنڈیشن کی جانب سے آئی میم سے سورت فاتحہ سیکھ رہے تھے

www.urdunovelbank.com

بچو قرآن پاک کو پڑھنا نہیں بلکہ سمجھ کر پڑھنا ضروری ہے .اگر آپ نماز پڑھ رہے ہیں اور آپ کو پتہ ہی نہیں کہ آپ اپنے رب سے کیا بات کر رہے ہیں؟ تو اس کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا....رب آپ کے سجدوں کا محتاج نہیں ہے بلکہ آپ کی نیت اور خلوص کو دیکھتا ہے ورنہ عبادت کیلئے فرشتے بہت ہیں جو ہر وقت اس کی عبادت میں مشغول ہیں ....ان کی باتوں میں اتنا رس تھا کہ جو لڑکیاں کسی کے کہنے پر ٹک کر نہیں بیٹھتی تھیں آج سکون سے بیٹھی درس لے رہی تھی

میم میرا ایک سوال ہے؟.......زندگی اپنی جگہ پر کھڑے ہو کر بولی

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

جی پوچھیں ......وہ مکمل طور پر اس کی طرف متوجہ ہوئیں

اردو ناول اور سٹوریز کی سب سے بڑی ویب سائٹ

www.urdunovelbank.com

Urdu Novel Bank website

جہاں ملے آپ کو نئے

اور اچھے معیاری ناول

تمام کیٹگری میں۔۔۔

گوگل پر ٹائپ کریں

Urdu Novel Bank

اور ویب سائٹ سے

ڈاؤنلوڈ کریں ہزاروں

مکمل ناول مفت میں



میں دوستوں سے بات کرنے کیلئے ہم فون استعمال کرتے ہیں تو ہم اللہ سے کس طرح بات کر سکتے ہیں ؟.........معمول سے ہٹ کر وہ بھی آج سنجیدہ لگ رہی تھی

جی بہت اچھا سوال ہے .میں اس کے جواب میں کہنا چاہوں گی کہ جب اللہ سے بات کرنی ہے تو نماز کے شریعت اللہ کو کال کرو اور اگر اللہ کی طرف سے کال سننی ہے تو قرآن کھول لو ....دیکھیں جو بات آپ کو لگے کہ اگر ماں باپ کو بھی بتائی تو وہ خان سے مار دیں گے وہ اللہ سے شیئر کریں یقین کریں .آپ کو پتہ بھی نہیں چلے گا اور مسائل کا حل بھی مل جائے گا کسی شاعر کا قول ہے

اک .گناہ میرے ماں پیو ویلا تے دیوے دیس نکالا

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

تے لکھ گناہ میرا اللہ ویکھے تے اوہ پردے پاون والا

..........تو بچو آج سے آپ اپنی باتیں کس سے شیئر کریں گے ؟

اللہ تعالیٰ کو ....سب نے یک زبان ہوکر کہا

زندگی نے ڈائری بند کی اسے ایک نئی امید ملی اس خزانے سے

رحمٰن میں نے آج تک آپ سے کچھ نہیں چھپایا بس آج بھی اتنا کہوں گی کہ جیسے آپ نے آج تک میرا ساتھ دیا ہے آئندہ بھی دیجئے گا ....اس نے ڈائری کو دراز میں رکھا اور آرام کرنے کیلئے لیٹ گئی

اللہ کیا کیا دن دیکھنے کو مل رہے ہیں کہ آج ہمیں اس کوڑے سے کھانا کھانا پڑ رہا" ہے ...."وہ سڑے ہوئے کوڑے سے کھانا ڈھونڈ رہا تھا

علی ہم یہاں پکنک منانے نہیں آئے بلکہ منشیات کے گروہ کو پکڑنے آئے ہیں" وہ بھی اس کے ساتھ کھانا ڈھونڈ رہی تھی.........."

کون ہو تم لوگ اور یہاں کیا کر رہے ہو ؟.........وہ باتوں میں مصروف تھے" جب ایک آدمی آٹپکا

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

صاب دو دن دے بھکے آں کچھ نہیں کھادا . قسمے ہن تے ٹڈھ وی توبہ کر ریا" اے .ایتھوں لگ رے ساں تے سوچیا ایتھو کجھ لب جاوے ...."زندگی پھٹے پرانے کپڑوں ملبوس تھی

اچھا رہتے کہاں ہو ؟.........وہ ان کو غور سے دیکھ رہا تھا"

صاب سارے غریباں نوں جتھے تھاں لبھے رہ لینے آں. ساڈے کول رہن لئی کوں" تھا نہیں بس رب ڈا ہی سہارا اے ہن کدے تاں سانوں وی دو ویلے دی روٹی دیوے گا............"وہ غریبی کی فل اداکاری کر رہی تھی علی خود آنکھیں پھاڑے اس کی اداکاری دیکھ رہا تھا

اچھا تو تمہیں دو وقت کی روٹی چاہیے ؟......وہ ان دونوں کے گرد گھومنے لگا"

جی دو ویلے دی روٹی ...."وہ ایسے بولی جیسے کچھ سمجھی ہی نہ ہو"

روٹی ,کپڑا ,مکان سب ملے گا .بدلے میں تم لوگوں کو ہمارے لیے کام کرنا ہو گا" جیسے باقی لوگ کرتے ہیں ...."وہ ان کے سامنے آکر رک گیا

منجور آ سانوں پر روٹی چنگی ملنی دینی آ تساں ....علی نے بھی اپنا حصہ ڈالا "

...........منظور ہے .نام کیا ہے تم لوگوں کا؟"

صاب ایہہ میرا بندا کریم تے میں آں شمیم .چالی ورے ہوگے نے سارے ویاں" نو پر ساری قسمت ویکھو کوئی اولاد نہیں ہوئی.............!..."وہ بہت اداس ہو کر بولی .وہ آدمی اس کی باتوں میں آچکا تھا

........."چلو پھر اندر چلو میں تم لوگوں کو کام سمجھاتا ہوں "

زندگی نے اسے کہنی ماری وہ دونوں اندر اس آدمی کے پیچھے چل دیئے.

ادھر آؤ سب لوگ........اس کے بلانے پر سب لوگ جمع ہو گئے سب " لوگ چالیس پچاس کے لگ بھگ تھے.

یہ لوگ آج سے تم لوگوں کے ساتھ کام کریں گے اور ہاں کوئی گڑبڑ نہیں ہونی " چاہیے چلو جاؤ .اب کام پر لگ جاؤ..............اس کے بولنے کی دیر تھی کہ سب اپنے کام پر لگ گئے

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

.

سمیرا نے اندر جھانکا سلیم صاحب اور نجمہ بیگم چائے چسکیاں لے لے کر پی رہے تھے.

امی ابو یہ کیا بات ہوئی آپ لوگ پھر سے یہ چائے پینے لگے ،آپ کو پتہ ہے نہ" یہ بھی ایک نشہ ہے .بیٹا باہر لوگوں کا نشہ چھوڑا رہا ہے اور گھر والے نشے میں ڈوبے ہوئے ہیں.................."سمیرا اس وقت خراب موڈ میں ان کی کلاس لے رہی تھی

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

اچھا تو بیٹا جی تسی دس دیو چاہ دے کہ نقصان نے .اگر تہاڈی گل نے سانوں" متفق کرلیا تہ کل توں چاہ بند ....
نجمہ بیگم نے چائے کا کپ میز پر رکھتے ہوئے کہا.........

"ہاں بیٹا جی یہ بات تو آپ کی والدہ نے ٹھیک کی اگر آپ ہمیں متفق کر لیں تو ہم چائے چھوڑ دیں گے ...."سلیم میاں نے بھی بیوی کی ہاں میں ہاں ملائی

"لو جی اس میں کیا بڑی بات ہے میں آپ کو اس کے بارے میں اچھے سے سمجھا دیتی ہوں ...."اس نے چٹکی بجاتے ہوئے کہا

"چائے پانی کے بعد پوری دنیا میں دوسرے نمبر پر پیا جانے والا مشروب ہے......"۔

اس نے اپنی بات شروع کی .

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

چھوٹے، بڑے، مرد، عورتیں سب ہی بڑے شوق سے اسے استعمال کرتے ہیں اور یہ مشروب تقریبا ہر محفل میں پیش پیش رہتا ہے۔ میڈیا پہ بھی دن رات اسکی خوب مشہوری کی جاتی ہے اور اسکی افادیت کو لیکر مختلف طریقوں سے عوام کے دماغوں میں نقشہ بھی کھینچا جاتا ہے۔ یوں چائے کا پوری دنیا میں کروڑوں کا بزنس چل رہا ہے۔ مگر کیا آج تک کبھی ہم نے اس مشروب کے منفی اثرات پر غور کیا؟ کیا ہم نے کبھی غور کیا کہ یہ مشروب دیمک کی مانند اندر ہی اندر ہمارے جسم کا بیڑا غرق کررہا ہے؟ کیا کبھی کسی نے اس بات پہ غور کیا کہ چائے کا کاروبار کرنے والی کمپنیاں منافع خوری کرتے ہوئے کس طرح مضر صحت اجزاء چائے میں استعمال کرتی ہیں؟ یقینا بالکل بھی نہیں۔ کیونکہ میڈیا پر جو دکھایا جاتا ہے، لوگوں نے اندھوں کی طرح اسے ہی من و عن تسلیم کرنا ہے۔ حالانکہ چائے ایک نشہ ہے..................." دونوں میاں بیوی گالوں پہ ہاتھ رکھے بڑے غور سے اس کی بات سن رہے تھے

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

حالیہ تحقیقی رپورٹس کی بنیاد پر اگر بات کی جائے تو پتہ چلتا ہے کہ چائے کے عادی افراد ہڈیوں اور پٹھوں کی کمزوری سے لیکر ذیابیطس اور سرطان جیسی مہلک بیماریوں کا شکار ہیں مگر انھیں اس بات کا بالکل ادراک نہیں۔ وہ اسے آب حیات سے کم درجہ نہیں دیتے۔

اگر اسکے نقصانات کو سامنے رکھا جائے تو مندرجہ ذیل چیدہ چیدہ پہلو ہمارے سامنے آئیں گے:.............

سب سے پہلے تو اسکے اجزاء ترکیبی پر بات کی جائے تو یہ دودھ، چینی اور چائے پر مشتمل ہوتی ہے۔ تینوں ہی اجزاء بذات خود صحت کیلئے انتہائی نقصان دہ ہیں۔ مثلا دودھ مارکیٹ میں ڈبہ بند ملتا ہے، جس میں مصنوعی طریقوں سے کیمیکلز شامل کیے جاتے ہیں اور اگر کھلے دودھ کی بات کی جائے تو وہ بھی ناخالص اور بیمار

جانوروں سے حاصل کیا جاتا ہے۔ اس پر تفصیلا پوسٹ کی جا چکی ہے۔ چینی بھی مصنوعی طریقوں سے تیار کی جاتی ہے اور اسے سفید زہر کہا جائے تو غلط نہ ہوگا۔ ذیابیطس اور باقی مہلک بیماریوں کا سبب ہے۔ چائے میں ڈلنے والی پتی بھی چائے کی پتیوں کو مصنوعی طریقوں سے کیمیکلز شامل کر کے تیار کیا جاتا ہے۔ مصنوعی رنگ ڈالا جاتا ہے اور اب تو مارکیٹ میں جعلی پتی بھی ملتی ہے، جو کہ برادے میں رنگ ڈال کر بنائی جاتی ہے۔ یوں چائے میں استعمال ہونے والے تینوں اجزاء بذات خود ہی بیماریوں کا سبب ہیں۔ اور جب ان تینوں کو آگ پر پکایا جاتا ہے تو پھر سیدھا سیدھا ایک زہریلا سیرپ تیار ہو جاتا ہے۔

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

چائے چونکہ گرما گرم

(50-70°C)

استعمال کی جاتی ہے تو جب یہ گرمائش جسم کے اندرونی اعضاء میں سرایت کرتی ہے تو پٹھوں، ہڈیوں اور معدے کی کمزوری کا باعث بنتی ہے۔ ....

کیفین

Caffeine

چائے میں پایا جانے والا ایک بنیادی عنصر ہے۔ یہ منشیات

Drugs

کی کیٹیگری میں آتی ہے۔ مختلف نشہ آور ادویات خصوصا دماغی یا نفسیاتی مریضوں

کی ادویات میں شامل کی جاتی ہے، جسکی وجہ سے انھیں وقتی راحت ملتی ہے۔

یہی وجہ ھیکہ جب آپ تھکے ہوئے ہوں تو چائے پینے پر آپ

Relax

محسوس کرتے ہیں۔ اور عموما ایک

Trend

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

بھی بن گیا ھیکہ جب بھی بندہ تھکان یا سردرد محسوس کرے تو فورا چائے کی طرف لپکتا ہے۔ مگر دوسرا پہلو بھول جاتا ہے کہ وہ نشے کا عادی بنتا جارہا ہے۔ اور یہی وجہ ھیکہ لوگ پھر چائے کے عادی بن جاتے ہیں۔ جیسے ایک نشئی نشہ کرتے کرتے اسکاعادی بن جاتا ہے۔ اور نشہ نہ ملنے پر اسکی کیفیت آپ سب جانتے ہیں۔ یہی حال کچھ چائے پینے والوں کا ہے۔

جو افراد مسلسل چائے کا استعمال کرتے ہیں تو انکا جسم کیفین کا عادی بن جاتا ہے۔ اور جب تک جسم کو کیفین نہ ملے تو بندہ تھکاوٹ اور الجھن کا شکار رہتا ہے۔ اور اسکو ختم کرنے کیلئے وہ کیفین کیساتھ ساتھ باقی زہریلے کیمیکلز بھی جسم میں انڈھیل دیتا ہے۔ چڑچڑا پن، سردرد، تھکاوٹ، ہڈیوں پٹھوں کی کمزوری، آنتوں کی سوجن، موڈ میں اتار چڑھاؤ، نیند میں گڑبڑی وغیرہ سب اسی کا کرشمہ ہیں۔

نوٹ :اسکے علاوہ کیفین کی وجہ سے متعدد اور بیماریاں بھی لاحق ہو جاتی ہیں، جن کی تفاصیل اسی پوسٹ کے پہلے کمنٹ میں تصویری شکل میں دی گئی ہیں۔

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

بہرحال ہم نے اختصار کیساتھ آپکے سامنے چند ایک چائے کے بنیادی نقصانات رکھے ہیں۔ دنیا میں بڑھتی ہوئی بیماریوں کی وجوہات میں سے ایک چائے بھی ہے۔ اکثریت اسکو استعمال کررہی ہے اور اسکے نقصانات سے بے خبر ہے۔ یاد رہے کہ ہمارا جسم ایک پیچیدہ مشین کی مانند ہے۔ اسے مختلف زمینی عناصر بشمول منشیات ضرورت ہوتے ہیں.

توکیا سمجھے آپ :ہے نہ چائے ایک نشہ؟.........وہ کرسی پر ڈھے سی گئی"

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

زیادہ تو کچھ نہیں بیٹا جی پر جتنی کوشش آپ نے ہمیں سمجھانے میں کی ہے" اس کے بعد تو ہم چائے کو ہاتھ بھی نہیں لگائیں گے .جاؤ ہمارے لئے دودھ ...." لے آؤ جلدی سے

شکریہ !میں ابھی آئی دودھ لے کر ...."وہ دودھ لینے بھاگی"

کیا ہو رہا ہے نمرین بیگم ؟.........وہ فرسٹ ایڈ باکس میں کچھ ٹٹول رہی تھی"
جب صالح صاحب کیپ اتارتے ان کے پاس آکر بیٹھ گئے

کچھ خاص نہیں 'بس آج کام کا پریشر زیادہ تھا جس کی وجہ سے میرا سر دکھ رہا تھا"
تو سوچا دوائی کے لوں..............."ان کے ہاتھ ابھی بھی چل رہے تھے

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

بیگم مجھے پتہ تھا اس لئے اندر آتے ہوئے میں ہلدی والا دودھ ساتھ لے آیا تھا" آپ دوائی چھوڑئے اور یہ لیجیے .... "انھوں نے بڑے پیار سے گلاس بڑھا جسے نمرین بیگم نے تھام کر پی لیا

ویسے میاں جی آج اتنے پیار کی کوئی وجہ ؟..........خالی گلاس انھوں نے" سائیڈ ٹیبل پر رکھ دیا

میں نے سوچا بیگم تو میری اپنی ہے پھر کیوں نہ آج ان کی تھوڑی خدمت ہی" کردوں.آخر محبت کرتے ہیں ہم آپ سے ...."کرنل صالح ادا سے بولے تو ڈاکٹر نمرین بیگم بھی شرما گئیں

........"اچھا کرنل صاحب مذاق چھوڑئے مجھے آپ سے کچھ بات کرنی ہے "

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

زہے نصیب جو آج ہم سے وہ اظہارِ محبت کرلیں"

چار دن زندگی کے دو ساتھ مل کر جی لیں دو ساتھ مر لیں........."کرنل صاحب گنگنانے لگے

میں مزاق نہیں کر رہی تو آپ بھی مت کریں ...."ان کے کہنے کی دیر" تھی کہ کرنل صاحب سنجیدہ ہو گئے

طالح بھائی آئے تھے .کہہ رہے تھے کہ انھیں اربش کے لیے زندگی کا رشتہ چاہیے" ".

....

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

بیگم ان کو انکار کر دیں .اربش بہت اچھا لڑکا ہے پر اِن آنکھوں نے دیکھا ہے کہ" کوئی ہماری بیٹی کا خیال رکھتا ہے اس کے ساتھ سائے کی طرح رہتا ہے .اور مجھے وہی لڑکا پسند ہے..............."نمرین بیگم نے شوہر کی آنکھوں میں اعتماد دیکھ کر ان پر اعتبار کرلیا

کیا ہمیں اس کمرے میں ایک ساتھ رہنا ہوگا ؟..............علی کمرے کو" گھورتے ہوئے بولا

علی ہمیں یہیں رہنا ہے اور یاد رکھیں کہ اس وقت ہمیں میاں بیوی کی اداکاری " .کرنی ہے .یہ لوگ بہت چالاک ہیں اتنی آسانی سے کچھ بتانے والے نہیں ہیں ہمیں دو دن کے اندر سب کچھ نمٹا کر واپس جانا ہے ...."وہ چارپائی کے سرے پر بیٹھ گئی

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

میرے پاس ایک پلان ہے اگر آپ میرا ساتھ دو تو ہم یہ کام ایک دن میں ہی " کر سکتے ہیں ...."علی دوسری چارپائی پر بیٹھ گیا

اچھا میں بھی تو سنوں کہ میجر صاحب کے پاس ؟.........وہ علی کی طرف پلٹی"

ابھی آرام کریں کل صبح ہم اپنا کام شروع کریں گے ...."علی چادر اوڑھ کر" سو گیا .

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

میں ایسا کیا کروں کہ سانپ بھی مر جائے اور لاٹھی بھی نہ ٹوٹے ...."وہ" چھت کو دیکھتی رہی تھوڑی ہی دیر میں وہ نیند کی وادیوں میں کھو گئی.

زندگی اٹھو جلدی سے ...."وہ علی کی آواز پر ہڑبڑا کر آٹھ بیٹھی"

.........کیا ہوا علی ؟"

جلدی چلو میرے ساتھ بغیر کوئی سوال کیۓ ...."وہ زندگی کا ہاتھ پکڑ کر ایک" طرف لے گیا جہاں کچھ لوگ جمع تھے

یہ کون ہیں اور کیا کر رہے ہیں ؟......زندگی نے آنکھیں ملتے ہوئے کہا"

یہ لوگ وہ ہیں جو یونی میں ڈرگز پہنچاتے ہیں بس یہ پتہ چل جائے کہ یہ اس" ڈرگز کو کیسے لوگوں کو دیتے ہیں ...."وہ دونوں دیوار کی اوٹ میں چھپ کر ان کی باتیں سننے لگے

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

بتاؤ نئے شکار کو پھنسانے کا کوئی نیا طریقہ ملا ؟......آج کل اتنے چھاپے پڑ" رہے ہیں کہ دھندا کرنا مشکل ہو رہا ہے ....''کل والا آدمی ان لوگوں سے پوچھ رہا تھا

باس ہمیں آسان طریقہ مل گیا ہے اب سے ہم لوگ کینٹین کے کھانے میں" ڈرگز ملا کر دیں گے اور جب لوگ اس کے عادی ہو جائیں گے پھر وہ خود ہمارے پاس آئیں گے ....''اندھیرے میں اس آدمی کا چہرہ نظر نہیں آ رہا تھا

........اچھا مگرمچھ نے جو لڑکی کہی تھی کیا نام تھا اس کا؟"

.......حیا سلمان"

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

ہاں وہی اس کا پتہ چلا کہ وہ کہاں کی رہنے والی ہے .دیکھو اس کی تصویر ڈھونڈو اور" اس لڑکی کو ہمیں ہر صورت میں بازار حسن میں دینا ہے .اس بار حسینہ بی نے وہی لڑکی مانگی ہے ...."وہ اس کو پیکٹ دے رہا تھا جس میں ڈرگز تھی

دیکھو کہیں سوشل میڈیا پر تو ہو گی وہ تو وہاں سے اس کا پتہ کرو ہمیں اس مہینے " میں ہی اسے حسینہ بی کے بازار کا حسن بنانا ہے ...."وہ آدمی پیکٹ لے کر پیچھے سے چلا گیا

Visit website For More Novels

زندگی یہ یہ تو آپکی بات کر رہا تھا ...."علی کے زہن میں ابھی بھی وہی بات" چل رہی تھی

www.urdunovelbank.com

یہ چھوڑو آپ سر کو انفارمیشن دے دیں کہ وہ آدمی یہاں سے نکل چکا ہے باقی" کام ہم سنبھال لیں گے ...."وہ باقی لوگوں کی پاس چلی گئی جو ڈرگز پیک کر رہے تھے

"صالح آخر اربش میں کیا کمی ہے جو تم نے رشتے سے انکار کر دیا .ماشاءاللہ پڑھا لکھا ہے گورنمنٹ کالج میں جاب کرتا ہے اور کیا چاہیے تمہاری بیٹی کو.........."طالح رشتہ سے انکار سن کر آگ بگولہ ہو رہے تھے

"بھائی میں یہ نہیں کہہ کہ اربش میں کوئی کمی ہے پر شادی میں نے نہیں بلکہ میری بیٹی نے کرنی ہے......"صالح احمد اطمینان سے بولے

اب تمہاری بیٹی اتنی بڑی ہوگئی کہ وہ تمہاری بات نہیں مانے گی ...."وہ "
دانت پیستے ہوئے بولے

بھائی آپ نہیں سمجھیں گے کہ آپکی کوئی بیٹی ہی نہیں ہے .جب میرے نبیؐ"
نے بی بی فاطمہؓ سے انکی رائے لی تھی تو میں کیوں نہ اپنی بیٹی کی رائے
لوں ....وہ بڑے بھائی کو عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہوئے بولے

صالح یاد رکھنا تمہارا انکار ہم بھائیوں کا رشتہ ہمیشہ کے لئے ٹوٹ سکتا ہے "
وہ بول ہی رہے تھے کہ صالح احمد کا موبائل بجنے لگا .وہ معذرت کرتے........"
سائیڈ پر آگئے

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

بولو علی کیا ہوا.....سب ٹھیک ہے نہ ؟.........وہ جانتے تھے کہ وہ دونوں " ایسی جگہ پر ہیں جہاں ہر وقت خطرہ سر پر منڈلاتا رہتا ہے

سر میرے پاس زیادہ وقت نہیں ہے میں نے یہ بتانا تھا کہ وہ آدمی پیکٹ لے" .کر یہاں سے نکل چکا ہے اور اس ڈرگز کو کینٹین کے کھانے میں ملایا جائے گا اور سر مجھے یہ بھی بتانا تھا کہ آج رات کو ہم اس اڈے کو تباہ کرنے والے ہیں بس آپ کچھ خفیہ فورس بارہ بجے تک ہمارے پاس بھیج دیں .اوکے سر کوئی آرہا ہے میں فون رکھتا ہوں ...."صالح وہ سب سن کر الرٹ ہو چکے تھے وہ صالح احمد کی طرف آئے

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

بھائی ایم سوری پر مجھے ابھی کچھ کام ہے شام کو ملتے ہیں ...."وہ جلدی" سے اپنے کمرے میں تیار ہونے چلے گئے

میں نے یہاں آکر ہی غلطی کی اب صالح پے جیسا نہیں رہا ...."وہ پیر پٹختے " گھر سے نکل گئے

ہمارا بشری وجود ہمارا جسم دماغ ہاتھ ،پاگر دے پھیپھڑے، بال ناخن اور باقی اعضاء ہیں

یہ کیسے وجود میں آئے؟

کبھی غور کیا اپ نے؟

آئیں آج آپ کو آپ کی حقیقت بتاتے ہیں بس آپ نے تھوڑا غور وفکر کرنا ہے.

ہیں فرماتے کیا میں القرآن ھذا پاک اللہ

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْۚ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ

28 نمبر ایت البقرہ سورت

اموات تھے تم اور ساتھ کے اللہ ہو سکتے کر کفر تم طرح کس اسی پھر گے جاو ہو موت طرح اسی تم پھر تمہیں کیا حیا پس طرح حیا کیا جائے گا پھر تمہیں اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے

موت کیسے کہتے ہیں؟

ذرات چھوٹے چھوٹے ہیں کہتے موت

Visit website For More Novels

material

www.urdunovelbank.com

کی شکل میں‌وں، دل، موجود ہونا .... اس سے پہلے دنیا میں تھے پڑے بکھرے کہاں کہاں

دینا وجود کے کر اگٹھا کو ذرات ہیں کہتے حیات

وَاللّٰهُ اَنْبَتَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ نَبَاتًا

17 نمر ایت نوح سورت

اور اللہ ہی ہے اُگایا تم کو زمین سے نباتات کی شکل میں

ثُمَّ یُعِیۡدُکُمۡ فِیۡہَا وَ یُخۡرِجُکُمۡ اِخۡرَاجًا

18 نمبر ایت نوح سورت

گے جاو دیے لوٹا میں حالت اسی میں زمین اسی واپس تم پھر پہلے سے اگنے میں میں شکل کی نباتات سے زمین جیسے تھے اور نکالے گا تمہیں تو زمین نکال دے گی-------

غور کریں ----------

ہمارا جسم جو آج 50 کلو سے زیادہ ہے کسی کا 60 کسی کا 70 بکرے کتنے جانے نا کیسے بنا جسم ہمارا یہ کم کا کسی اور

غذا کھائے نا جانے کتنی مرغیاں کھائی آٹا چاول دودھ اور باقی

کبھی سوچا ہے آپ نے کہ آپ کا جسم بننے سے پہلے وہ کہاں تھا

کس شکل میں تھا اللہ نے اسے بنانے کے لیے کتنے کارخانے

چلائے آپ کے اور میرے جسم میں خون کے اندر لوہا ہے

جیسے ائرن کہتے ہیں کبھی سوچا آپ نے کہ اللہ نے اسے اگر

---ہوتا کیا تو ہوتا رکھا نہ میں وغیرہ گوشت اور سبزیوں پھل

کے بنانے حصہ کا جسم کو لوہے ہمیں ہوتی مشکل کتنی

لیے اور ہم کیسے لوہے کو کھاتے----

کتنی تکلیف ہوتی اور ہمارے لیے اللہ پاک نے کتنی آسانی پیدا

دی کی اس ہیں کرتے کفر بجاے کے کرنے شکر ہم اور کی

کرتے نہیں استعمال لیے کے مقصد اسی کو صلاحیتوں ہوئی

ہیں دی صلاحیتں ہمیں نے اس لیے کے مقصد جس

ہمارے خون میں یہ ائرن بننے سے پہلے وہ بکرے گائے گندم یا

غور تھا کہاں پہلے سے اس تھا میں شکل کی نباتات اور کسی

جو یہ کارخانے کے اللہ تھا میں زمین میں شکل اور کسی کریں

پہاڑ ہیں اوپر سے برف سے ڈھکے اور نیچے سے لاوا ابل رہا

رہےجہاں ہیں لیبارٹریاں کی اللہ یہ ہیں رہے پگھلا کو دھاتوں ہے

خام کر پگھلا پاک اللہ پر حرارت درجہ مخصوص ایک کو ان

خون یہی ہیں ڈالتے میں صورت کی خون کے زمین یعنی تیل

رہےہے جاتا میں کونے کونے کے دنیا ہوا ہوتا سے پہاڑوں ان

ساتھ کے پانی یہ ہے ہوتا جذب پانی میں زمین ہے ہوتی بارش

پھر اور ہیں اتے پر سطح والی اوپر کی زمین کر ہو شامل

سے زمین میں صورت و شکل کی گھاس پھلوں پھولوں مختلف

گائے بکرے کو درختوں پودوں گھاس پھر اس ہیں اتے نکل باہر

ہم میں شکل کی سبریوں پھل گوشت دودھ ہیں کھاتے وغیرہ

ہیں بنتے حصہ کا جسم ہمارے وہ پھر اور ہیں کھاتے انسان

سے پروسس بڑے کتنے کریں غور ہیں ہوتے بڑے ہم پھرے

اس جسم یہ کر ہو سے مراحل کتنے کتنے ہم ہیں اے کر گزر

قابل بنا کتنی محنت سے اللہ نے ہمیں خلق کیا اور ہم-------

سوچیں ------ اس سے بھی اگر پیچھے جائیں یعنی پہاڑوں

یہی تو کریں غور پیچھے سے اس ہے رہا ہو پروسس جو میں

کو زمین جب نے پاک اللہ اور تھی میں خلا دھاتیں باقی اور ائرن

اہستہ وہ پھر اور کی بارش کی شہابیوں ان وقت اس تو کیا خلق

اہستہ ان مراحل تک پہنچا ۔۔۔

ہماری جسم میں موجود کیلشیم، فاسفورس کاربن یہ سب بہت

بڑے ستارے کے اندر جل رہے تھے۔جب اللہ نے زمین پر

سیاروں کی بارش کی تو یہ بھی زمین پر آگئے

،اب یہ بھی سوچیں کے آپ کے جسم میں موجود کاربن

ہائیڈروجن، آکسیجن یہ سب آج سے لاکھوں ہزاروں سال پہلے

کے گزرنے میں کارخانوں مختلف کے پاک اللہ پھر تھے کہاں

بعد ہمارے جسم کا حصہ بنے ۔۔۔۔۔

.......کیا غور نے آپ کبھی

اپنے ہاتھ کو دیکھیں غور کریں اس میں ناخن آپ کے جسم کا
پلاسٹک وہ کیا تھا میں شکل کس تھا کہاں پہلے سے بننے حصہ
تھا نہیں خون کا زمین تھا نہیں میں شکل کی نائلون
لیے کے بنانے ہاتھ ایک صرف

قدرت نے کتنے کارخانے چلائے----
کی گوشت شکل کی سبزیوں پھل پھر شکل کی خون کے زمین

شکل پھر ہمارے جسم میں ہمارے جسم کے اندر کیسا نظام ہے
کھاتے ہم جو خوراک ہے بنتا خون کر گزر سے مراحل کتنے
باقی ہے جاتا نکل سے جسم ہمارے فضلا سے میں اس ہیں
پہنچا کو حصوں مختلف کے جسم کر ڈھل میں شکل کی خون
ہے جاتا دیا
ہم اسے ہے نکلتا باہر سے جسم فضلا جو میں صورت کی ناخن
جسم ناخن جو ہوتا نہیں درد ہمیں کیا غور کبھی ہیں دیتے کاٹ
جیسے لیکن سے کاٹنے اسے ہے ہوتا میں شکل کی فضلا سے
ہے حصہ کا جسم ہمارے جو دیں کاٹ ناخن زیادہ سا تھوڑا ہی

تو کتنی تکلیف ہوتی ہے غور کریں---

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

--------کبھی غور کیا آپ نے؟

ہمیں کر گزار سے مراحل کن اور سے کہاں کہاں نے پاکﷲ

بنایا------ کہاں کہاں سے چیزیں جمع کیں دھاتوں کی بارش

میں کھیتوں تک بننے خون کا زمین میں پہاڑوں کر لے سے

پھلوں سبزیوں اور گھاس کی صورت میں اُگا کر پھر مختلف

میں شکل کی گوشت اور دودھ کر ڈال میں شکل کی جانوروں

پہنچا تک ہم

کر دیکھ نظام منظم قدر بنا اس ہاتھ ایک صرف کر جا کہیں پھر

ہو خودبخود تو سب یہ کہتا ہے کہ ہے سمجھ نا کتنا انسان بھی

گیا ہے یہ تو محض اتفاق سے ہوگیا

--------********--------******------

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

علی میں نے ان سب غنڈوں کو کافی مقدار میں ڈرگز دے دی اور باقی لوگوں کو "
.........." ہلکی سی دی ہے .اب ان سب کو اپنے آدمیوں کی مدد باہر نکالتے ہیں
..زندگی اب اپنے نکلی بال نکال چکی تھی

آپ سب ان غنڈوں کو باندھ کو لیں چلیں اور ان بزرگوں کو بھی کسی محفوظ جگہ "
پر پہنچا دیں ان سے ہم بعد میں بات کریں گے ...."علی کا آرڈر
فالوکر کے سب لوگوں کو باہر نکال لیا گیا اور ان کی جگہ پر لاشیں رکھ کر باہر نکل
.آئے

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

آج برائی کا ایک گھر راکھ کا ڈھیر بن جائے گا......."انھوں نے اس اڈے آگ "
.لگادی تھوڑی ہی دیر میں وہ راکھ میں تبدیل ہوگیا

کمرے سے زور زور سے رونے کی اور چلانے کی آوازیں آ رہی تھی .ان لوگوں کو مار مار کر ہلکان کر دیا مگر ان کی زبان ابھی تک نہیں کھلی تھی.

بولو لڑکیوں کو کہاں چھپا کر رکھا ہے .بتاؤ ورنہ جان کے لیں تمہاری ...."ان" کو پھر سے مارنے لگے

علی ایک کام کرو ان سب کو گولی مار دو .ان لڑکیوں کو تو ہم ویسے بھی تلاش کر" ہی لیں گے ...."وہ اندر آتے ہی غصے سے بولی

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

آپ صحیح کہہ رہی ہیں ان لوگوں پر وقت ضائع کرنے سے اچھا ان کو مار دینا" چاہیے ...."وہ پسٹل اس آدمی کے سر پر رکھ کر ٹریگر دبانے ہی لگا تھا کہ وہ آدمی چلانے لگا

بتاتا ہوں بتاتا ہوں پیپلز گولی مت چلانا .میں سببببببب سببببببب کچھ بتاتا" ہوں پر مجھے ایک وعدہ چاہیے کہ آپ مجھے نہیں ماریں گے ...."وہ تھر تھر کانپ رہا تھا

وعدہ کیا کہ ہم تمہیں نہیں ماریں گے پر اگر ....اگر تمہاری بات زرا سی بھی" غلط ہوئی تو یہ چھ کی چھ گولیاں تمہارے سر کے اندر ہوں گی ...."میجر علی جواد کرسی کھینچ کر بیٹھ گئے

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

سر وہ لڑکیاں جیمز کے پاس ان کے بنگلے میں ہیں .بس ایک لڑکی حیا سلمان رہ گئی ہے اس کے ملتے ہی ہم ان سب لڑکیوں کو حسینہ بی کو بیچنے والے ہیں ....وہ ہاتھ جوڑے بولا

اس بنگلے میں کتنے آدمی ہیں اور اس میں جانے کا کوئی راستہ ہے" ؟..........."میجر زندگی بھی اس کے پاس آگئی

اس بنگلے میں کل پانچ آدمی ہیں ....وہاں ایک لڑکی آتی ہے چنبیلی جو جیمز" کی محبوبہ ہے اور اس کی کوئی رشتہ دار کو کام ملا ہے اس کا نام رخسار ہے .مجھے جتنا پتہ تھا میں نے بتا دیا اب مہربانی کر کے مجھے مت مارنا.........."وہ گرگڑاتے ہوئے بولا

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

اس کو لے جاؤ اور خیال رہے کہ یہ بھاگنے نہ پائے ...."دو آفیسر اسے اور باقی آدمیوں کو لے گئے

"اب اس جگہ کیسے جائیں گے ؟........"علی قدم بڑھاتا اس کے پیچھے سے آکر بولا"

"اب میں وہاں جاؤں گی رخسار بن کر وہ بھی اکیلی ...."وہ ہاتھ باندھے مڑی"

"مگر زندگی یہ آسان نہیں اس میں بہت خطرہ ہے ....اگر تمہیں جانا ہی ہے تو مجھے ساتھ لے کر چلو پلیز.............."میجر علی جواد پیر جلدی آپ سے تم پر آگیا

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

میجر علی جواد پہلے تو آپ مجھے آپ ہی بلایا کریں دوسرا یہ کہ میں وہاں اکیلی ہی" جاؤں گی ....آپ بس یہ کریں کہ جو میں آپکو بتاؤں وہی کرنا

اوکے ....علی جواد اپنا سا منہ لے کر رہ گیا

گلاب جامن وہ واحد پھل ہے جس میں نہ جامن ہوتے ہیں نہ" گلاب............"میسج پڑھ کر سمیرا کی چہرے پر مسکراہٹ ابھری

اچھا تو کیپٹن صاحب ہم بھی آپ کو بتادیں کہ انار وہ پھل ہے جس پیٹ میں" دانت ہوتے ہیں..........."اس نے میسج ٹائپ کہاوت ریپلائے کا انتظار کرنے لگی .اس کے موبائل کی پپ بجی

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

جناب قسم وہ واحد کھانے کی چیز ہے جس کے کھانے سے بھوک نہیں مٹتی"

ایموجی کے ساتھ میسج موجود تھا........"

اس نے بھی ایموجی سینڈ کیۓ اگلے ہی پل اس کے موبائل پر کال آگئی .اس نے مسکراتے ہوئے کال اٹینڈ کی.

مس سمیرا کیا ہوا آپ کیا سوچ رہی ہیں ؟..........متاثر کن آواز ابھری "

میں یہ سوچ رہی تھی کہ کیپٹن یوشع کیسے میرے بھائی کی ویڈیو بنا لیتے ہیں"

وہ توقف کے بعد بولی........"

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

لو اس میں کونسی بڑی بات ہے جب اتنے دن سے ان دونوں کی نگرانی کر رہا"

..............ہوں تو ویڈیو بنانا مشکل نہیں

ویسے میرے پاس میجر علی جواد کی اب کی ویڈیو دل دہلا دینے والی ہے "

"..........

اچھا تو جلدی سینڈ کریں ...."وہ بے چینی سے بولی "

پر پہلے یہ تو بتا دیں کہ اب میں اپنے گھر والوں کو آپ کے گھر بھیج "

دوں؟..............وہ مضطرب سا لگ رہا تھا

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

کیپٹن یوشع مجھے اس بات سے کوئی اعتراض نہیں ہے پر آخری فیصلہ میرے "
گھر والوں کا ہوگا............

ایک بات مجھے سمجھ نہیں آئی اگر بھائی نے آپکو دیکھ لیا اور ان کو پتہ چل گیا کہ "
آپ ہی ان کی فنی ویڈیو ہمیں بھیجتے ہیں تو پتہ نہیں آپکا کیا ہوگا........."سمیرا کے
ماتھے پر پسینہ آرہا تھا جسے وہ بار بار پونچھ رہی تھی

کچھ نہیں ہوگا کیونکہ میں میجر زندگی کا دوست ہوں اور علی جواد سب کی بات ٹال "
سکتا ہے پر زندگی کی نہیں ......!"اس کی آواز میں اعتماد تھا

.ویسے کیپٹن صاحب کیا کچھ ایسا نہیں ہو سکتا کہ ان دونوں کی شادی ہو جائے "
سچ میں مجھے ان دونوں کی جوڑی کمال لگتی ہے.........."وہ لان میں ٹہل رہی

تھی آسمان پر چاند اور تاروں نے قبضہ کر رکھا تھا ۔چودویں کے چاند کی روشنی بہت بھلی لگ رہی تھی لوگ قدرتی حسن سے بلکل نا آشنا ہو چکے ہیں .جو سکون چاند کی روشنی میں کھلے آسمان کے نیچے بیٹھ کر ملتا ہے وہ سکون مصنوعی روشنیوں میں ڈھونڈتے ہیں .آج کل کسی کے پاس وقت نہیں ہے کیونکہ ہمیں آسائشیں میسر ہیں کبھی وقت تھا کہ لوگوں کے پاس آسائشیں نہیں تھیں پر وقت بہت تھا .اگر ہمسائے کو کانٹا بھی لگ جاتا تو سب کو خبر ہو جاتی تھی اور آج کل ہم اپنے ساتھ والے کا حال بھی نہیں خان سکتے کیونکہ وقت نہیں ہے.

Visit website For More Novels

مس سمیرا مجھے ایک کام ہے فری ہو کر بات کرتے ہیں .اپنا خیال رکھیے گا .اللہ" حافظ ."..............

www.urdunovelbank.com

سیم ٹو یو کیپٹن .اللہ حافظ ...."موبائل بند کر کے وہ اندر چلدی".

صالح کی اتنی ہمت ہو گئی کہ اس نے اپنے بڑے بھائی کا لحاظ بھی نہیں کیا اور"
میرے منہ پہ انکار کردیا .اپنے بڑے بھائی کے منہ پہ انکار کر دیا .سنا تم لوگوں
نے ...."طالح احمد طیش میں چیزیں اٹھا اٹھا کر پھینک رہے تھے

ارلبش میں نے طے کر لیا ہے اب میں تمہاری شادی زندگی سے اچھی لڑکی سے"
کرواؤں گا وہ بھی اس سے پہلے ...."صالح احمد کا غصہ عروج پر تھا

ابو میں نے آپ کو کتنی بار کہا ہے کہ میری زندگی میں اگر کوئی لڑکی آئے گی تو وہ"
ہے زندگی صالح احمد .زندگی کے علاوہ کسی لڑکی کے بارے میں سوچنا تو دور میں کسی
لڑکی کو آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھ سکتا .ابو میں ساری زندگی اسکا انتظار کروں گا اور

اگر مجھے اس کے لئے جان بھی دینی پڑی تو میں پیچھے نہیں ہٹوں گا" طالح احمد کی بات سن کر اربش آپے سے باہر ہو گیا

اربش اربش .... تم سمجھ کیوں نہیں رہے .تمہاری کچھ ذمہ داری ہے .جو تمہیں نبھانی ہی ہو گی اور اس لڑکی کی خاطر تمہاری ذمہ داری سے مکرنے نہیں دوں گا سمجھے ...." طالح احمد یوں اپنے بیٹے کو برباد ہوتے نہیں دیکھ سکتے تھے

تو آپ بھی میری بات سن لیں شادی کرنے سے میری ذمہ داری پوری نہیں ہو جائے گی .میں اس لڑکی کی خوشیاں برباد نہیں کر سکتا جو اپنا سب کچھ چھوڑ کر میری بیوی بنے گی .مجھے زندگی سے پیار تھا ,ہے اور رہے گا .اب مجھ سے شادی کی بات تب کیجئے گا جس زندگی شادی کیلئے ہاں کر دے ...." اربش پیر پٹختا باہر نکل گیا اس کا رویہ طالح احمد کو سلگا گیا

القرآن

سورۃ نمبر 5 المائدۃ

آیت نمبر 12

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

أعوذ بالله من الشيطان الرجيم

بسم اللہ الرحمن الرحيم

وَلَقَدْ اَخَذَ اللہُ مِيثَاقَ بَنِيٓ اِسْرَآءِيلَ ۚ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيبًا ؕ وَقَالَ اللہُ اِنِّيْ
مَعَكُمْ ؕ لَئِنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِيْ وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ وَاَقْرَضْتُمُ اللہ

قَرۡضًا حَسَنًا لَّاُكَفِّرَنَّ عَنۡكُمۡ سَيِّاٰتِكُمۡ وَلَاُدۡخِلَـنَّكُمۡ جَنّٰتٍ تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ‌ۚ فَمَنۡ كَفَرَ بَعۡدَ ذٰ لِكَ مِنۡكُمۡ فَقَدۡ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيۡلِ ۝

تفسیر ابن کثیر

سورۃ نمبر 5 المائدۃ

آیت نمبر 12

ترجمہ:

اور خدا نے بنی اسرائیل سے اقرار لیا اور ان میں ہم نے بارہ سردار مقرر کئے پھر خدا نے فرمایا کہ میں تمہارے ساتھ ہوں اگر تم نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے رہو گے اور میرے پیغمبروں پر ایمان لاؤ گے اور ان کی مدد کرو گے اور خدا کو قرض حسنہ دو گے تو میں تم سے تمہارے گناہ دور کر دوں گا اور تم کو بہشتوں میں داخل کروں گا جن

کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں پھر جس نے اس کے بعد تم میں سے کفر کیا وہ سیدھے رستے سے بھٹک گیا

تفسیر

عہد شکن لوگ ؟ اور امام مہدی کون ؟

اوپر کی آیتوں میں اللہ تعالیٰ نے اپنے مومن بندوں کو عہد و پیمانے کی وفاداری، حق پر مستقیم رہنے اور عدل کی شہادت دینے کا حکم دیا تھا۔ ساتھ ہی اپنی ظاہری و باطنی نعمتوں کو یاد دلایا تھا۔ تو اب ان آیتوں میں ان سے پہلے کے اہل کتاب سے جو عہد و میثاق لیا تھا، اس کی حقیقت و کیفیت کو بیان فرما رہا ہے، پھر جبکہ انہوں نے اللہ سے کئے ہوئے عہد و پیمان توڑ ڈالے تو ان کا کیا حشر ہوا، اسے بیان فرما کر گویا مسلمانوں کو عہد شکنی سے روکتا ہے۔ ان کے بارہ سردار تھے۔ یعنی بارہ قبیلوں کے بارہ چودھری تھے جو ان سے ان کی بیعت کو پورا کراتے تھے کہ یہ اللہ

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

اور رسول کے تابع فرمان رہیں اور کتاب اللہ کی اتباع کرتے رہیں۔ حضرت موسیٰ جب سرکشوں سے لڑنے کیلئے گئے تب ہر قبیلہ میں سے ایک ایک سردار منتخب کر گئے تھے۔ اوبیل قبیلے کا سردار شامون بن اکون تھا، شمعونیوں کا چودھری شافاط بن جدی، یہودا کا کالب بن یوحنا، فیخائیل کا ابن یوسف اور افرائیم کا یوشع بن نون اور بنیامین کے قبیلے کا چودھری قنطمی بن وفون، زبولون کا جدی بن شوری، منشاء کا جدی بن سوسی، دان حملاسل کا ابن حمل، اشار کا ساطور، تفتای کا بحر اور یا سخر کالابل۔ توراۃ کے چوتھے جز میں بنو اسرائیل کے قبیلوں کے سرداروں کے نام مذکور ہیں۔ جو ان ناموں سے قدرے مختلف ہیں۔ واللہ اعلم۔ موجودہ تورات کے نام یہ ہیں۔ بنو ادبیل پر صونی بن سادون، بنی شمعون پر شموال بن صور، بنو یہود پر ،حشون بن عمیاذب، بنو یساخر پر شال بن صاعون، بنو زبولوں پر الیاب بن حالوب بنو افرایم پر منشا بن عنہور، بنو منشاء پر حمائیل بنو بیبا میں پر ابیدن، بنودان پر جعیز ربنو اشاذ نحایل۔ بون کان پر سیف بن دعوابیل، بنو نفعالی پر اجذع۔ یاد رہے کہ

Visit website For More Novels www.urdunovelbank.com

لیلتہ العقبہ میں جب آنحضرت (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے انصار سے بیعت لی اس وقت ان کے سردار بھی بارہ ہی تھے۔ تین قبیلہ اوس کے۔ حضرت اسید بن حضیر، حضرت سعد بنی خیثمہ اور حضرت رفاعہ بن عبد المنذر اور نو سردار قبیلہ خزرج تھے۔ ابو امامہ، اسعد بن زرارہ، سعد بن ربیع، عبداللہ بن رواحہ، رافع بن مالک بن عجلان براء بن معرور عبادہ بن صامت، سعد بن عبادہ، عبداللہ بن عمرو بن حرام منذربن عمرو بن حنیش اجمعین۔ انھی سرداروں نے اپنی اپنی قوم کی طرف سے پیغمبر آخر الزمان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرامین سننے اور ماننے کی بیعت کی ،حضرت مسروق فرماتے ہیں ہم لوگ حضرت عبداللہ بن مسعود کے پاس بیٹھے تھے آپ ہمیں اس وقت قرآن پڑھا رہے تھے تو ایک شخص نے سوال کیا کہ آپ لوگوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ بھی پوچھا ہے کہ اس امت کے کتنے خلیفہ ہوں گے ؟ حضرت عبداللہ نے فرمایا میں جب سے عراق آیا ہوں، اس سوال کو بجز تیرے کسی نے نہیں پوچھا، ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سے اس بارے میں دریافت کیا تھا تو آپ نے فرمایا، بارہ ہوں گے، جتنی گنتی بنو اسرائیل کے نقیبوں کی تھی۔ یہ روایت سنداً غریب ہے، لیکن مضمون حدیث بخاری اور مسلم کی روایت سے بھی ثابت ہے، جابر بن سمرہ فرماتے ہیں "میں نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے، لوگوں کا کام چلتا رہے گا، جب تک ان کے والی بارہ شخص نہ ہو لیں، پھر ایک لفظ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا لیکن میں نہ سن سکا تو میں نے دوسروں سے پوچھا کہ حضور (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے اب کونسا لفظ فرمایا، انہوں نے جواب دیا یہ فرمایا کہ یہ سب قریش ہوں گے۔ "صحیح مسلم میں یہی لفظ ہیں۔ اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ بارہ خلیفہ صالح نیک بخت ہونگے۔ جو حق کو قائم کریں گے اور لوگوں میں عدل کرینگے۔ اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ یہ سب پے درپے یکے بعد دیگرے ہی ہوں۔ پس چار خلفاء تو پے درپے حضرت ابو بکر، حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت جن کی خلافت بطریق نبوت رہی۔ انھی بارہ میں سے پانچویں حضرت عمر بن عبد العزیز

ہیں۔ بنو عباس میں سے بھی بعض اسی طرح کے خلیفہ ہوئے ہیں اور قیامت سے پہلے پہلے ان بارہ کی تعداد پوری ہونی ضروری ہے اور انہی میں سے حضرت امام مہدی ہیں، جن کی بشارت احادیث میں آچکی ہے ان کا نام حضور (صلی اللہ علیہ)وآلہ وسلم) کے نام پر ہوگا اور ان کے والد کا نام حضور (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد کا ہوگا، زمین کو عدل و انصاف سے بھر دینگے حالانکہ اس سے پہلے وہ ظلم و جبر سے پُر ہوگی لیکن اس سے شیعوں کا امام منتظر مراد نہیں، اس کی تو دراصل کوئی حقیقت ہی نہیں، نہ سرے سے اس کا کوئی وجود ہے، بلکہ یہ تو صرف شیعہ کی وہم پرستی اور ان کا تخیل ہے، نہ اس حدیث سے شیعوں کے فرقے اثنا عشریہ کے ائمہ مراد ہیں۔ اس حدیث کو ان ائمہ پر محمول کرنا بھی شیعوں کے اس فرقہ کی بناوٹ ہے جو ان کی کم عقلی اور جہالت کا کرشمہ ہے۔ توراۃ میں حضرت اسمٰعیل کی بشارت کے ساتھ ہی مرقوم ہے کہ ان کی نسل میں سے بارہ بڑے شخص ہونگے، اسے مراد بھی یہی مسلمانوں کے بارہ قریشی بادشاہ ہیں لیکن

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

جو یہودی مسلمان ہوئے تھے، وہ اپنے اسلام میں کچے اور جاہل بھی تھے، انہوں نے شیعوں کے کان میں کہیں یہ صور پھونک دیا اور وہ سمجھ بیٹھے کہ اس سے مراد ان کے بارہ امام ہیں، ورنہ حدیثیں اس کے واضح خلاف موجود ہیں۔ اب اس عہد و پیمان کا ذکر ہو رہا ہے جو اللہ تعالیٰ نے یہودیوں سے لیا تھا کہ وہ نمازیں پڑھتے رہیں، زکوٰۃ دیتے رہیں، اللہ کے رسولوں کی تصدیق کریں، ان کی نصرت و اعانت کریں اور اللہ کی مرضی کے کاموں میں اپنا مال خرچ کریں۔ جب وہ ایسا کریں گے تو اللہ کی مدد و نصرت ان کے ساتھ رہے گی، ان کے گناہ معاف ہونگے اور یہ جنتوں میں داخل کئے جائیں گے، مقصود حاصل ہوگا اور خوف زائل ہوگا، لیکن اگر وہ اس عہد و پیما کے بعد پھرگئے اور اسے غیر معروف کردیا تو یقینا وہ حق سے دور ہوجائیں گے، بھٹک اور بہک جائیں گے۔ چناچہ یہی ہوا کہ انہوں نے میثاق توڑ دیا، وعدہ خلافی کی تو ان پر اللہ کی لعنت نازل ہوئی، ہدایت سے دور ہوگئے، ان کے دل سخت ہوگئے اور وعظ و پند سے مستفید نہ ہو سکے، سمجھ بگڑ گئی، اللہ کی باتوں میں

Visit website For More Novels
www.urdunovelbank.com

ہیر پھیر کرنے لگے، باطل تاویلیں گھڑنے لگے، جو مراد حقیقی تھی، اس سے کلام اللہ کو پھیر کر اور ہی مطلب سمجھنے سمجھانے لگے، اللہ کا نام لے کر وہ مسائل بیان کرنے لگے، جو مراد حقیقی تھی، اس سے کلام اللہ کو پھیر کر اور ہی مطلب سمجھنے سمجھانے لگے، اللہ کا نام لے کر وہ مسائل بیان کرنے لگے جو اللہ کے ،بتائے ہوئے نہ تھے، یہاں تک کہ اللہ کی کتاب ان کے ہاتھوں سے چھوٹ گئی وہ اس سے بے عمل چھوٹ جانے کی توجہ سے نہ تو دل ٹھیک رہے، نہ فطرت اچھی رہی۔ نہ خلوص و اخلاص رہا، غداری اور مکاری کو اپنا شیوہ بنا لیا۔ نت نئے جال نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)اصحاب نبی کے خلاف بنتے رہے۔ پھر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)کو حکم ہوتا ہے کہ آپ ان سے چشم پوشی کیجئے، یہی (معاملہ ان کے ساتھ اچھا ہے، جیسے حضرت عمر فاروق سے مروی ہے کہ جو تجھ سے اللہ کے فرمان کے خلاف سلوک کرے تو اس سے حکم الٰہی کی بجاآوری کے ماتحت سلوک کر۔ اس میں ایک بڑی مصلحت یہ بھی ہے کہ ممکن ہے ان کے

دل کھچ آئیں، ہدایت نصیب ہوجائے اور حق کی طرف آجائیں۔ اللہ تعالیٰ احسان کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ یعنی دوسروں کی بدسلوکی سے چشم پوشی کر کے خود نیا سلوک کرنے والے اللہ کے محبوب ہیں۔ حضرت قتادہ فرماتے ہیں "درگزر کرنے کا حکم جہاد کی آیت سے منسوب ہے۔" پھر ارشاد ہوتا ہے کہ "ان نصرانیوں سے بھی ہم نے وعدہ لیا تھا کہ جو رسول آئے گا، یہ اس پر ایمان لائیں گے، اس کی مدد کرینگے اور اس کی باتیں مانیں گے۔" لیکن انہوں نے بھی یہودیوں کی طرح بد عہدی کی، جس کی سزا میں ہم نے ان میں آپس میں عداوت ڈال دی جو قیامت تک جاری رہے گی۔ ان میں فرقے فرقے بن گئے جو ایک دوسرے کو کافر و ملعون کہتے ہیں اور اپنے عبادت خانوں میں بھی نہیں آنے دیتے "ملکیہ فرقہ یعقوبیہ فرقے کو، یعقوبیہ ملکیہ کو کھلے بندوں کافر کہتے ہیں، اسی طرح دوسرے تمام فرقے بھی، انہیں ان کے اعمال کی پوری تنبیہہ عنقریب ہوگی۔ انہوں نے بھی اللہ کی نصیحتوں کو بھلا دیا ہے اور اللہ پر تہمتیں لگائی ہیں

اس پر بیوی اور اولاد والا ہونے کا بہتان باندھا ہے، یہ قیامت کے دن بری طرح پکڑے جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ واحد واحد فرد و صمد لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد ہے۔"

باس ہمارے اڈے کو ان دونوں نے تباہ کردیا ...."آدمی ہانپتے کانپتے اسے بتا رہا تھا

وہ دونوں وہاں کیسے پہنچے اور مجھے سمجھ یہ نہیں آرہا ہے کہ اتنے لوگوں کے ہوتے ہوئے وہ وہاں داخل کیسے ہوئے؟.....تم لوگ اس وقت کیا کررہے تھے جب وہ دونوں وہاں آگ لگا رہے تھے ...."وہ آدمی کو بری طرح مار رہا تھا آدمی مار کی وجہ سے بے حال ہو چکا تھا

